# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 7 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

## تیاری

- اگر ممکن ہو تو ٹیچر آج ایسے ڈریس کا انتخاب کریں جس میں لال رنگ نمایاں ہو۔

10 منٹ
- ٹیچر بچوں میں کتابیں تقسیم کرنے سے پہلے بچوں کو motivate کرنے کے لئے چند زبانی سوالات پوچھیں۔

1) آپ کے پسندیدہ رنگ کون سے ہیں؟
2) کپڑوں میں آپ کا پسندیدہ رنگ کون سا ہے؟
3) میرے کپڑوں میں کون سا رنگ سب سے نمایاں ہے؟
4) کچھ لال چیزوں کے نام بتایئے؟
5) لال رنگ کے پھلوں اور سبزیوں کے نام بتائیں۔

10 منٹ
- آپ کے گھر میں پائی جانے والی چند لال چیزوں کے نام بتائیں؟

- سوالات کے بعد ٹیچر بچوں میں کتابیں تقسیم کریں اور انہیں کتاب دیکھنے کو کہیں اور بچوں کو بتائیں کہ کتاب کا پہلا صفحہ title page سرورق کہلاتا ہے اور کتاب کا آخری صفحہ back page کہلاتا ہے۔

10 منٹ
- بچوں سے ان کی عمومی رائے طلب کریں اور سب بچوں کو باری باری بولنے کا موقع دیں۔

10 منٹ
- ٹیچر آہستہ آہستہ بلند آواز میں کتاب کی پڑھائی کریں۔ کتاب کے مشکل الفاظ اور ان کے معنی بھی سمجھاتی جائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ مختلف رنگوں کے لئے استعمال ہونے والے ہم معنی الفاظ بتائیں۔ مثال دے کر سمجھائیں جیسے لال کا ہم معنی لفظ سرخ ہے۔ ہم معنی الفاظ سوچنے میں بچوں کی مدد کریں۔

- رنگ کا نام اور ہم معنی الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں وہ بورڈ پر کیا گیا کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

- چند رنگوں کے نام اور ہم معنی الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔

| رنگ کا نام | ہم معنی الفاظ |
|---|---|
| لال | سرخ |
| نیلا | آسمانی |
| ہرا | سبز |
| کالا | سیاہ |
| پیلا | زرد |
| جامنی | کاسنی |
| بھورا | کتھئی |

- بچے یہ فہرست اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- گھر میں موجود 5 لال چیزوں کے نام لکھ کر لائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ
- بچوں کا گھر کا کام چیک کریں اور انہیں کلاس کے سامنے پڑھنے کو کہیں۔

5 منٹ
- کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔ اس کے بعد درج ذیل کام کروائیں۔

25 منٹ

- نیچے دیئے گئے الفاظ اردو اور انگریزی میں بتائیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| English | اردو |
|---|---|
| tomato | ٹماٹر |
| clothes | کپڑے |
| beetroot | چقندر |
| blood | خون |
| root | جڑ |
| sunrise | سورج کا نکلنا |
| sunset | سورج کا غروب ہونا |

| English | اردو |
|---|---|
| juice | رس |
| stains | داغ |
| weather | موسم |
| fire | آگ |
| coal | کوئلہ |
| cloud | بادل |
| flag | جھنڈا |

## گھر کا کام

5 منٹ

- گرمی اور سردی میں اگنے والی سبزیوں کے نام دو کولم بنا کر لکھیں۔ گھر سے 1 سفید رومال یا پرانہ دوپٹہ (سفید) اسکول لے کر آئیں۔

# سیشن 3

## تیاری

10 منٹ

- ٹیچر کلاس میں جانے سے پہلے سفید کاٹن کے کپڑے کا بندوبست کریں۔ اس کپڑے کو چوکور سائز کے 12x12 انچ کے ٹکڑوں میں کاٹ لیا جائے تو بہتر ہے۔ تا کہ وہ بچے جو گھر سے رومال نہ لا سکیں انہیں دیا جائے۔

## اشیاء

- سفید کاٹن کا رومال یا دوپٹہ
- کپڑے رنگنے کے چند رنگ
- موٹا دھاگا یا ڈوری
- 4 یا 5 پیالے (bowls)

## Tie & Dye کا طریقہ

35 منٹ

1) رنگ الگ الگ پیالوں میں گھول لیں۔
2) رومال / دوپٹہ کو 2 یا 4 انچ کے فاصلے پر دھاگے کی مدد سے جگہ جگہ باندھ لیں۔
3) جب کپڑے پر جگہ جگہ دھاگے سے بندھے گولے بن جائیں تو کسی گہرے رنگ میں بھگو دیں۔
4) کپڑا نکال کر سکھا لیں۔
5) دھاگے کھول لیں۔
6) اب ہلکے رنگ میں پورا کپڑا ڈالیں۔
7) کپڑا نکال کر خشک کریں۔

دو رنگوں میںtie and dye ہو جائے گا۔

# سیشن 4

5 منٹ

- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔


10 منٹ

- درج ذیل سوالات بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ایک لفظ میں ان سوالات کے جوابات لکھیں۔

1) کیچپ کچے ٹماٹر سے بنتا ہے یا پکے؟
2) انار کا رس کپڑے پر گر جائے تو کس رنگ کا داغ پڑتا ہے؟
3) چقندر سبزی ہے یا پھل؟
4) تربوز کس موسم میں کھایا جاتا ہے؟
5) تمہیں غصہ آتا ہے تو تم کیسے ہو جاتے ہو؟
6) کوئلہ کس رنگ کا ہوتا ہے؟

15 منٹ

- صبح 12 بجے سے پہلے بچوں کو کلاس سے باہر کسی کھلی جگہ پر لے جائیں ایک بچے کا منہ سورج کی طرف کر کے کھڑا کر دیں اور بچوں کو چار سمتوں کا concept دیں اگر بچے کا منہ سورج کی طرف ہو (یعنی مشرق کی طرف) تو اس کے پیچھے کی طرف مغرب ہوگا' دائیں ہاتھ پر شمال ہوتا اور بائیں ہاتھ پر جنوب۔




10 منٹ

- بورڈ پر سمتوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتاریں۔

| اردو | English |
|---|---|
| مشرق | East |
| مغرب | West |

| اردو | English |
|---|---|
| شمال | North |
| جنوب | South |

- بچوں کو بتائیں کہ دن کے 12 بجے سے رات کے 12 بجے تک کے ٹائم کو ہم pm سے show کرتے ہیں اور رات کے 12 بجے سے دن کے 12 بجے تک ہم اسے am سے show کرتے ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- آج آپ نے صبح سے شام تک جو کام کئے ہیں ان کا ٹائم ٹیبل am اور pm میں لکھ کر لائیں۔

# سیشن 5

5 منٹ • صفحہ نمبر 13 سے 15 کی پڑھائی کروائیں۔

35 منٹ • بچوں کو بتائیں کہ ترکی اور چین پاکستان کے دوست ملک ہیں۔ دوست ممالک ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ آپس میں اچھے تعلقات رکھتے ہیں وغیرہ۔

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ پانچ جملے اپنے اور اپنے دوستوں کے بارے میں لکھیں۔
- آپ اپنے دوستوں کی کس طرح مدد کرتے ہیں۔

• جیسے جیسے بچے کام ختم کرتے جائیں ٹیچر ان کے پاس جا کر ان کا کام چیک کریں اور پھر اصلاح کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • مختلف ملکوں کے جھنڈوں کی تصاویر یا اسٹیکرز لائیں یا جھنڈے کی تصویر خود بنا کر لائیں۔

# سیشن 6

10 منٹ • بچے جھنڈوں کی تصویریں لائیں ہیں انہیں سوفٹ بورڈ (soft board) پر لگائیں اور ملکوں کے نام لکھیں۔

10 منٹ • بچوں کو محاوروں کا concept دیں کہ وہ الفاظ یا جملے جو اپنے اصل معنوں میں استعمال نہیں ہوتے وہ محاورے کہلاتے ہیں جیسا کہ اس کتاب میں محاورہ ہے غصے سے لال پیلا ہونا۔

20 منٹ • بچوں کو 3 آسان محاورے غصے پر دیں جس پر وہ جملے بنا سکیں۔
مثلاً لال پیلا ہونا خون کھولنا آگ بگولہ ہونا وغیرہ

## گھر کا کام

5 منٹ

- صفحہ نمبر 5 سے 15 پر دیئے گئے الفاظ کی املا کی تیاری کریں۔

# سیشن 7

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔

- صفحہ نمبر 5 سے 15 سے 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

10 منٹ

- املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔

- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔

- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

25 منٹ

- ٹیچر بورڈ پر بچوں کے ساتھ مل کر لفظ لال کے ہم آواز الفاظ لکھیں۔ مثلاً لال، مال، جال، حال، کھال، تھال، ڈال، سال، دال وغیرہ

- اب ان الفاظ کو استعمال کر کے ایک نظم بنائیں۔

# لال کتاب

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk